☆☆☆☆

# S.S.C (Part-II) A/2024

(For all Sessions)

Roll No __________ to be filled in by the candidate

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

اردو لازمی (معروضی) RWP-1-24 گروپ - I وقت:20منٹ نمبر:15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مارکر سے فلنگ کریں۔

1-1 سبق "چغل خور" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) ناول (B) لوک داستان (C) افسانہ (D) مضمون

-2 ڈاکٹر محمد اقبالؒ رات کو کتنے بجے جا کے نماز پر جا بیٹھتے؟

(A) ایک بجے (B) دو بجے (C) اڑھائی بجے (D) دو اڑھائی بجے

-3 استنبول پر مسلمانوں کا مکمل قبضہ ہوا:

(A) 1452ء کو (B) 1453ء کو (C) 1454ء کو (D) 1455ء کو

-4 "پون ٹوٹی" (محصول چنگی) کس چیز پر معاف تھی؟

(A) ترکاری اور پھل (B) غلہ اور ترکاری (C) اناج اور اُپلے (D) پھل اور اُپلے

-5 شاعر نے تہذیب کا پروردگار کسے کہا ہے؟

(A) مزدور کو (B) کسان کو (C) استاد کو (D) طالب علم کو

-6 "جھیل گئے دکھ جھیلنے والے" سے مراد ہے:

(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

-7 جگر مراد آبادی کی غزل کے مطابق شاعر کو اس کا محبوب کس طرح ملتا ہے؟

(A) ہنسی سے (B) خوشی سے (C) سادگی سے (D) آمادگی سے

-8 درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مُطابِق (B) مُطابَق (C) مِطابِق (D) مَطابِق

-9 "حسن" کا درست تلفظ ہے۔

(A) حَسَن (B) حُسْن (C) حُسَن (D) حَسُن

-10 اسم ظرف مکان کی پہچان کیجیے۔

(A) پگڑ (B) شکار گاہ (C) صبح (D) تلوار

-11 "وہ گیا تھا" فعل ماضی کی کونسی قسم ہے؟

(A) ماضی قریب (B) ماضی شکیہ (C) ماضی تمنائی (D) ماضی بعید

-12 کسی وجہ یا سبب کو ظاہر کرنے والے حروف کہلاتے ہیں۔

(A) حروف عطف (B) حروف علت (C) حروف جار (D) حروف تشبیہ

-13 محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟

(A) ڈاکٹر تاثیر نے (B) پطرس بخاری نے (C) فیض احمد فیض نے (D) حمید احمد نے

-14 سیدانی بی کا خاندان تباہ ہو گیا تھا:

(A) سیلاب میں (B) مرہٹہ گردی میں (C) زلزلے میں (D) فسادات میں

-15 مصنف جس کمرے میں ٹھہرائے گئے اس کی کھڑکی کھلتی تھی۔

(A) دریا کی سمت (B) میدان کی طرف (C) صحن میں (D) پائیں باغ میں



www.pakcity.org

Roll No __________

**S.S.C. (Part-II) A / 2024**
**(For all Sessions)**

اردو لازمی (انشائیہ)          Rwp-1-24          گروپ - I          وقت: 2:10 گھنٹے          نمبر: 60

2۔ حصہ نظم سے تین اور حصہ غزل سے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (2x5=10)

(i) زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے
بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

(ii) غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو
سکوں ہو گیا ہے، قرار آگیا ہے

(iii) مرے بیٹے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی
کہ سرکار دو بڑھ لاک میں نکیل پڑی

(iv) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں
ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

## حصہ غزل

(i) ترے رتبہ دانِ محبت کی حالت
ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

(ii) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسایگی سے ملتا ہے

(iii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے
یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی لکھیے۔ (10)

(الف) اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر پل پڑے۔ وہ سر پھٹول ہوئی وہ لاٹھیاں چلیں کہ خون میں نہا گئے۔ آخر ارد گرد کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انھوں نے بیچ بچاؤ کرا کے انھیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔

(ب) موت برحق ہے۔ مرنا سب کو ہے مگر مرنے مرنے میں فرق ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے خاصی عمر پائی مگر ان کی وفات کا صدمہ اس لیے زیادہ ہے کہ ایسے قابل، ایسے شریف اور ایسے وضع دار لوگ زمانہ اب پیدا نہیں کرے گا۔ افسوس کہ پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں جہاں ہماری نیک آرزوئیں رہتی ہیں۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات دیجیے۔ (2X5=10)

(i) لاہور کا پبلشر دلی کس لیے آیا اور اُس کو کیا جواب ملا؟

(ii) اہل مغرب اور مسلمانوں کی قومیت کا فرق بیان کیجیے۔

(iii) خواجہ حسن نظامی نے عید الفطر پر شہزادوں اور شہزادیوں کا ذکر کس انداز میں کیا ہے؟

(iv) نام دیو نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

(v) رشید احمد صدیقی نے ڈاکٹر محمد حسن کا شکریہ کس بات پر ادا کیا؟

(vi) حضور ﷺ کی آمد سے کن کو سکون ملا؟

(vii) میر انیس نے زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

(viii) آدمی آدمی سے ملتا ہے          دل مگر کم کسی سے ملتا ہے
اس شعر میں کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05)

(i) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ          (ii) نام دیو مالی

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) زم۔زم کی اہمیت          (ii) اسلام میں تعلیم کی اہمیت          (iii) سیلاب کی تباہ کاریاں

7۔ درج ذیل عبارت غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ (2x5=10)

مسلمانوں کے ایک ہزار سالہ دورِ اقتدار میں ہندو اور مسلمان ساتھ ساتھ رہے۔ انہوں نے ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھا۔ ہندوؤں کی بعض رسمیں مسلمانوں میں رائج ہوئیں اور بعض اسلامی تصورات ہندوؤں میں مقبول ہوئے۔ لیکن ہندو اور مسلمان آپس میں جذب ہو کر ایک معاشرہ نہ بن سکے۔ ہندو مسلمان عموماً الگ الگ محلوں میں رہتے تھے۔ ہندو معاشرہ ذات پات کے بندھنوں میں جکڑا ہوا تھا۔ اس لیے ہندو نہ تو آپس میں متحد ہوتے تھے نہ مسلمانوں کی طرف خلوصِ دل سے ہاتھ بڑھاتے تھے اگرچہ مسلمان اور ہندو دونوں قومیں ایک خطۂ ارض میں رہتی تھیں۔ لیکن مسلمانوں کی رواداری کے باوجود ہندوؤں کے معاشرتی اور مذہبی تعصبات پختہ ہوتے گئے۔ باہمی میل جول اور یگانگت کا خاصا فقدان رہا۔ ہندوؤں اور مسلمانوں کی یہ الگ الگ حیثیت پورے اسلامی دور میں نمایاں رہی۔ اس صورتِ حال کو پاکستان کی مخصوص اصطلاح میں "دو قومی نظریہ" کہا جاتا ہے۔

سوالات:-

(i) ہندوؤں اور مسلمانوں نے ایک ساتھ رہ کر ایک دوسرے سے کیا کچھ سیکھا؟

(ii) ہندوؤں اور مسلمانوں کے آپس میں تعلقات کیسے رہے؟

(iii) ہندو معاشرہ آپس میں متحد کیوں نہ ہو سکا؟

(iv) مسلمانوں نے ہندوؤں پر کتنے عرصے تک حکومت کی؟

(v) دو قومی نظریہ کیا ہے؟

R



www.pakcity.org

☆☆☆☆☆

S.S.C (Part-II) A/2024

Roll No __________ to be filled in by the candidate (For all Sessions) Paper Code 7 0 2 8

**اردو لازمی (معروضی)** گروپ - II Rwp-2-24 وقت: 20 منٹ نمبر: 15

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C,D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر درست جواب کا انتخاب کرتے ہوئے متعلقہ دائرے میں پین یا مار کر سے فلنگ کریں۔

1-1 مصنف نے فقیر کے لیئے نعمت تصور کیا۔

بھیک مانگنا (D) غریب الوطنی (C) دوست نہ ہونا (B) روٹی کی محتاجی (A)

-2 لڑکی کے سٹیشن پہنچنے کے کتنی دیر بعد گاڑی نے آنا تھا؟

چند منٹ (D) ایک گھنٹا (C) آدھا گھنٹا (B) پندرہ منٹ (A)

-3 چغل خور کی چغل خوری کا نتیجہ نکلا:

امن کی صورت میں (D) قتل وغارت کی صورت میں (C) سر پھٹول کی صورت میں (B) طلاق کی صورت میں (A)

-4 مصنف نے بے کار کہا ہے۔

ڈر کر کام کرنے کو (D) بے مزہ کام (C) محض حکم کی تعمیل (B) جبری مشقت (A)

-5 نظم "کسان" کے آغاز میں منظر کا وقت ہے:

دوپہر کا (D) رات کا (C) جھٹ پٹے کا (B) صبح کا (A)

-6 سڑک پر شغال کے چیخنے سے اشارہ ملتا ہے۔

اُداسی (D) رونق ہی رونق (C) آمد و رفت (B) ویرانی (A)

-7 دل ٹوٹ کر کس سے ملتا ہے؟

مل کے بھی جو نہیں ملتا (D) خوش ادا سے (C) دلربا سے (B) کج ادا سے (A)

-8 وہ فعل جو فاعل کے ساتھ مفعول بھی چاہے کہلاتا ہے:

فعل متعدی (D) فعل امر (C) فعل مجہول (B) فعل لازم (A)

-9 وہ اسم جو خود مصدر سے بنے لیکن اس سے پھر کوئی لفظ نہ بنے کہلاتا ہے:

اسم ظرف (D) اسم مشتق (C) اسم ضمیر (B) اسم جامد (A)

-10 میں، سے، پر حروف ہیں۔

حروف تشبیہ (D) حروف اضافت (C) حروف عطف (B) حروف جار (A)

-11 درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔

مَعْرَاج (D) مِعْرَاج (C) مُعَرَاج (B) مِعَرَاج (A)

-12 درست تلفظ کی نشاندہی کیجیے۔

تَعْظِیم (D) تَعَظِیم (C) تُعْظِیم (B) تِعْظِیم (A)

-13 مرزا محمد سعید یونیورسٹی کے مشیر مقرر ہوئے:

کراچی یونیورسٹی (D) پشاور یونیورسٹی (C) بلوچستان یونیورسٹی (B) پنجاب یونیورسٹی (A)

-14 پہلی جنگ عظیم میں ترکی نے ساتھ دیا:

افغانستان کا (D) جرمنی کا (C) فرانس کا (B) برطانیہ کا (A)

-15 نظموں کی طرف توجہ تیز ہوئی۔

جنگ آزادی کے بعد (D) جنگ طرابلس کے بعد (C) دوسری جنگ عظیم کے بعد (B) پہلی جنگ عظیم کے بعد (A)

www.pakcity.org 1300

Roll No ________

# S.S.C. (Part-II) A / 2024
(For all Sessions)

اردو لازمی (انشائیہ) گروپ - II Rwp-2-24

وقت: 2:10 گھنٹے نمبر: 60

2- درج ذیل اجزا میں سے نظم کے تین اشعار اور غزل کے دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

## حصہ نظم

(i) میاں شُتر کو مبارک یہ رشتہ شادی
اسی کو کہتے ہیں اردو میں قید آزادی

(ii) جُھٹ پٹے کا نرم رَو دریا، شفق کا اِضطراب
کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

(iii) جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے
اور تیرے کوکبِ تقدیر کا پرتو بھی ہے

(iv) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

## حصہ غزل

(i) پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرت
جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے

(ii) روح کو بھی مزا محبت کا
دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے

(iii) سر میں سودا بھی نہیں، دل میں تمنا بھی نہیں
لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا لیکن میں نے بھی عزم کر رکھا ہے کہ میں خود علی بخش سے حضرت علامہ کے بارے میں کوئی سوال نہیں کروں گا۔ اگر واقعی وہ علی بخش کی زندگی کا ایک جزو ہیں، تو یہ جوہر خود بخود عشق اور مشک کی طرح ظاہر ہو کر رہے گا۔

(ب) اگر میں موسم کا ذکر کرتا ہوں تو وہ کہتے ہیں: "ہاں! بڑا خراب موسم ہے میرے چھوٹے بچے کو بخار آ گیا۔ منجھلی لڑکی کھانسی میں مبتلا ہے۔ اگر پالیٹکس یا لٹریچر کے متعلق گفتگو شروع کرتا ہوں تو تحسین فوراً معذرت پیش کرتے ہیں کہ بھائی آج کل گھر بھر بیمار ہے مجھے اتنی فرصت کہاں کہ اخبار پڑھوں۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔ (10)

(i) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟
(ii) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟
(iii) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟
(iv) عید الفطر پر نظموں میں، شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟
(v) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟
(vi) میر انیس نے نظم کے پہلے بند میں زبان کو کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟
(vii) نظم کسان میں "جلوۂ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟
(viii) حسرت موہانی کی غزل میں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی کیا وجہ ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (05)

(i) مرزا محمد سعید (ii) اِستنبول

6- کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (15)

(i) محنت کی برکتیں (ii) دہشت گردی (iii) تمباکو نوشی کے نقصانات

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انہوں نے شعر کے ذریعے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بیزاری کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد، دکن مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:-

(i) اس عبارت کا موزوں عنوان تحریر کیجیے۔
(ii) علامہ اقبالؒ نے اپنی شاعری کے ذریعے ہمیں کیا تلقین کی ہے؟
(iii) علامہ اقبالؒ نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟
(iv) مسلمانوں کے حقوق کے لیے علامہ اقبالؒ نے پنجاب اسمبلی میں کتنا عرصہ جنگ لڑی؟
(v) برصغیر کے مسلمانوں کو الگ خطۂ زمین کے حصول کے لیے کس نے راہ دکھائی؟



www.pakcity.org

RWP-1-23

Roll No. امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-II)-A/2023
(For All Sessions)

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) (گروپ GROUP-I-)

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1- درست تلفظ ہے:
(A) مَغْفِرت (B) مَغْفَرت (C) مِغْفَرت (D) مُغْفِرت

2- درست تلفظ ہے:
(A) عَمّان (B) عَمان (C) عِمّان (D) عُمان

3- اسم عَلَم کی قسمیں ہیں:
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

4- لفظ چٹان قواعد کے اعتبار سے ہے:
(A) اسم جامد (B) اسم موصول (C) اسم تنکیر (D) اسم اشارہ

5- "مقیم نے خط لکھا تھا" یہ جملہ ہے:
(A) ماضی بعید کا (B) ماضی شکیہ کا (C) ماضی استمراری کا (D) فعل مستقبل کا

6- محبوب کے سادگی سے ملنے پر شاعر پر کیفیت طاری ہو جاتی ہے:
(A) محبوب کے ستم بھول جاتا ہے (B) نشہ سا چھا جاتا ہے (C) چاک گریباں کر لیتا ہے (D) خوشی سے پھولا نہیں سماتا

7- سڑک پر شغال کے چیخنے سے واضح ہوتی ہے:
(A) ویرانی (B) آمدورفت (C) اداسی (D) رونق ہی رونق

8- اُردو میں قید آزادی کہتے ہیں:
(A) قید بامشقت کو (B) شادی خانہ آبادی کو (C) جرم کی سزا کو (D) آزادی کے خاتمے کو

9- ایا صوفیہ کے برابر ہے:
(A) قبرستان (B) عجائب گھر (C) کتب خانہ (D) فوجی عجائب خانہ

10- "پون ٹوٹی" (چنگی) معاف تھی:
(A) اناج اور اپلے پر (B) پھل اور ترکاری پر (C) تجارت پر (D) سرمایہ دار پر

11- آخری عمر میں علامہ اقبال کا کھانا پینا کم ہو گیا تھا۔
(A) بڑھاپے کی وجہ سے (B) دمے کی وجہ سے (C) گلے کی خرابی کی وجہ سے (D) معدے کی خرابی کی وجہ سے

12- اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور پہنچا:
(A) کراچی (B) دوسرے شہر (C) بڑے قصبے (D) دوسرے گاؤں

13- پرستان کے پھلدار پودے بڑے تھے:
(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک فٹ (D) گز بھر

14- مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے سبق "نظریہ پاکستان" میں قومیت کی تشکیل کی بنیادیں بتائی ہیں:
(A) چار (B) تین (C) دو (D) پانچ

15- مرزا محمد سعید پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے:
(A) کتابوں پر (B) جائیداد خریدنے پر (C) خیرات کرنے پر (D) کھانے پینے پر

www.pakcity.org

Roll No. __________ امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-II)-A/2023
(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

Rwp-1-23

وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ (GROUP-I- گروپ) نمبر 60

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) (10)

## (حصہ نظم)

(i) یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال
لیکن ایک ایسی سڑک بھی ہے نہیں ہے جس کی مثال

(ii) اُصولِ محبت ہے پیغام جس کا
وہ محبوبِ پروردگار آ گیا

(iii) رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے!
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے

(iv) سب محنت کش گلے ملے اور ابھرا اک پیغام
اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام

## (حصہ غزل)

(i) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

(ii) سلسلہ، فتنۂ قیامت کا
تری خوش قامتی سے ملتا ہے

(iii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا
گنہگار ہوں، اِک خطا ہو گئی ہے

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10)

(الف) میرا ماتھا ٹھنکا کہ اگر یہی حال رہا تو یہاں بھی فرصت معلوم! خیر حیلے حوالوں سے اس وقت تو میں بچ گیا اور میرے میزبان بھی میری وجہ سے نہ گئے مگر مجھے بہت جلد معلوم ہو گیا کہ جس عنقا صفت یکسوئی کی تلاش میں سرگرداں تھا وہ مجھے یہاں بھی نہ ملے گی۔

(ب) باغ کے داروغہ خود بھی بڑے کارگزار اور مستعد شخص ہیں اور دوسروں سے بھی کھینچ تان کر کام لیتے ہیں۔ اکثر مالیوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرنی پڑتی ہے۔ ورنہ ذرا بھی نگرانی میں ڈھیل ہوئی، ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گئے یا بیڑی پینے لگے یا سائے میں جا لیٹے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟
(ii) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟
(iii) بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟
(iv) عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟
(v) مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟
(vi) شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟
(vii) آنکھ کی شبنم افشانی سے کیا مراد ہے؟
(viii) شاعر نے سر اور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (05)

(الف): مرزا محمد سعید۔ (ب): چغل خور۔

6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک مضمون پر لکھیے: (15)

(i)۔ قائداعظمؒ (ii)۔ چاندنی رات (iii)۔ مسلمانوں کے تہوار

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

قائداعظمؒ ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے سخت مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس کے بارے میں کسی سے سمجھوتہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوشی کی تعریف کی۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بامِ عروج پر پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات:

(i) قائداعظمؒ کس قسم کے انسان تھے؟
(ii) قائداعظم کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
(iii) قائداعظم کا عظیم کارنامہ کون سا ہے؟
(iv) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظمؒ کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

R

www.pakcity.org

| Roll No. ______ امیدوار خود پُر کرے | SSC-(P-II)-A/2023<br>07-10-A/8250<br>(For All Sessions) | Paper Code | 7 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|---|---|

Rwp-2-23

# اُردو لازمی (معروضی) (GROUP-II-گروپ)

وقت:20 منٹ — نمبر:15

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی کاپی پر لکھیئے ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A،B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1- پروگرام دانش کدہ میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟
(A) چار (B) دو (C) تین (D) سات

2- مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

3- سبق "پرستان کی شہزادی" کس مصنف کی تحریر ہے؟
(A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

4- حسن نظامی نے دلّی کے جو نوحے لکھے ہیں ان میں کون سی چیز نمایاں ہے؟
(A) عید کا ذکر (B) لطف و مسرّت (C) احساس شادمانی (D) عظمتِ رفتہ

5- آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟
(A) سات (B) پانچ (C) نو (D) تین

6- سبق "ملمع" میں لڑکی کے سفر کا مقصد تھا:
(A) سیر سپاٹا (B) خالہ زاد بہن کی شادی میں شرکت (C) بیمار چچا کی عیادت (D) چھٹیاں گزارنا

7- مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے؟
(A) حیدر آباد میں (B) اورنگ آباد میں (C) دلّی میں (D) الہٰ آباد میں

8- اِک شمع بجھائی تو:
(A) ہم پچھتائے بہت (B) سورہے (C) بے سکون ہو گئے (D) کئی اور جلالیں

9- اس سڑک پر تانگے الٹ جانے سے گھوڑوں پر کیا گزرتی ہے؟
(A) بھاگ جاتے ہیں (B) مرجاتے ہیں (C) بے ہوش ہو جاتے ہیں (D) بیٹھ جاتے ہیں

10- نظم " کسان " کے شاعر کا نام ہے:
(A) میر انیس (B) جمیل الدین عالی (C) دلاور فگار (D) جوش ملیح آبادی

11- درست اعراب کی نشاندہی کریں:
(A) اِسلامُ (B) اَسلامُ (C) اَسلامَ (D) اُسلامَ

12- درست تلفظ کی نشاندہی کریں:
(A) جَلُوسُ (B) جِلُوسَ (C) جُلُوسُ (D) جَلُوسِ

13- قائداعظم گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) خطاب (B) عرف (C) تخلص (D) لقب

14- "شریف آدمی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) مرکب عطفی (B) مرکب توصیفی (C) مرکب عددی (D) مرکب اشاری

15- "دھلائی" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسم معاوضہ (B) اسم صفت (C) اسم فائل (D) اسم مفعول

www.pakcity.org

Roll No. __________ امیدوار خود پُر کرے

SSC-(P-II)-A/2023

08-010-A/8250

(For All Sessions)

# اُردو لازمی (انشائیہ)

وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ (گروپ- GROUP-II) نمبر 60

Rwp-2023

2- درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) (10)

## (حصہ نظم)

(i) نظامِ آسمانی ہے اسی کی حکمرانی ہے
بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ii) اُڑتی تھی خاک خشک تھا چشمہ حیات کا
کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فُرات کا

(iii) جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسن فطرت کا گواہ
ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(iv) سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا
وہ اونٹ بوجھ اٹھائے گا ذمہ داری کا

## (حصہ غزل)

(i) آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا
رنگ، تیری ہنسی سے ملتا ہے

(ii) یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں
دو چار قدم ہم بھی تیرے ساتھ چلے ہیں

(iii) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا
جہاں بادِ صرصر، صبا ہوگئی

3- مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی الگ تحریر کریں۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (10)

(الف) سیدانی بی کا ایک وقت میں بڑا دور دورہ تھا۔ قلعے کی اچھی اچھی مغلانیاں ان کے سامنے کان پکڑتی تھیں۔ محلات میں جہاں کوئی نیا جوڑا سِلا، کسی نئی وضع کی ٹکائی کا ذکر ہوا اور یہ بلائی گئیں۔ شہری بیگمات میں بھی ان کے ہنر کی دھاک تھی۔ سب انہیں آنکھوں پر بٹھاتے تھے۔

(ب) ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی منبر سے دروازے تک چار فٹ کا راستہ بن گیا نمازی دو رویہ کھڑے ہوگئے ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب مندوبین نہایت اطمینان سے باہر آگئے یہ تنظیم کی بات ہے ترک اب دنیا کی ایک نہایت شائستہ اور منظم قوم بن چکے ہیں۔

4- درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

(ii) پرستان کے پھلوں کی سب سے خاص بات کیا تھی؟

(iii) گھر والوں نے عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اس لڑکی نے کیا جواب دیا؟

(iv) مصنف کے خیال میں اچھا انسان کیسے بنا جا سکتا ہے؟

(v) ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

(vi) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vii) "جلوہ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟

(viii) شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کے لئے پُر امید ہے، کیوں؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (05)

(الف): مُلمّع۔ (ب): مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ۔

6- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک مضمون پر لکھیے: (15)

(الف): حُبِ وطن (ب): چاندنی رات (ج): تحریکِ پاکستان

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ (10)

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی۔ اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے۔ اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں۔ اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے۔ انھیں خبر بھی نہ ہوئی۔ ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے۔ جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات:

(i) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟

(ii) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

(iii) وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے، کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

(iv) وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

(v) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

R

www.pakcity.org

Roll No.__________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 1 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

Rwp-G1-22

وقت: 20 منٹ — نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی۔
(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

2. سبق "مُلمّع" اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) داستان (B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

3. درجۂ کمال تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے۔
(A) جدّ وجُہد (B) صلاحیت (C) خوش بختی (D) وسائل کا ہونا

4. استنبول کو کس کا گھر کہا جاتا ہے؟
(A) عجائب گھروں کا (B) کتب خانوں کا (C) مقبروں کا (D) مسجدوں کا

5. "بہت کچھ اور لکھنا چاہتا تھا لیکن تھک گیا" صدیقی صاحب نے یہ جملہ کس کے نام لکھا۔
(A) مولانا ضیا احمد (B) ظہیر احمد صدیقی (C) سید شبیر الدین (D) ڈاکٹر محمد حسن

6. بادشاہ نے سیّدانی بی کو کیا انعام میں دیئے؟
(A) زیورات (B) جواہرات (C) کنکر پتھر (D) ملبوسات

7. احمد نگر کے رئیس کا کیا نام ہے؟
(A) محمد تحسین (B) شاکر خاں (C) احمد علی (D) طالب علی

8. پاکستان ستاروں کے جُھرمٹ میں ہے۔
(A) سورج (B) چاند (C) مرکزہ (D) روشن ستارہ

9. شاعر کو محبوب کی یاد کب سے نہیں آئی؟
(A) ایک ماہ سے (B) ایک سال سے (C) ایک مدت سے (D) ایک عرصے سے

10. غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں۔
(A) مقطع (B) مطلع (C) عام شعر (D) پہلا شعر

11. درست تلفظ کا انتخاب کیجیے۔
(A) مُخُلَص (B) مَخْلَص (C) مُخْلَص (D) مُخْلِص

12. درست تلفظ کا انتخاب کیجیے۔
(A) تَعارُف (B) تَعارِف (C) تِعارَف (D) تُعارَف

13. "لہذا" گرائمر کی رُو سے ہے۔
(A) حرفِ عطف (B) حروفِ جار (C) حروفِ علّت (D) حروفِ اضافت

14. "پیالی" گرائمر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم ظرف (B) اسم مکبّر (C) اسم مصغر (D) اسم مُشتق

15. فعل ماضی کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) پانچ (C) چار (D) چھ

R



www.pakcity.org

Roll No:__________ امیدوار خود پُر کرے

(For all sessions)

# اُردو لازمی (انشائی) گروپ-I

RWPG1-22

نمبر: 60 وقت: 2:10 گھنٹے

**2.** درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 6=3x2

**(حصہ نظم)**

i. وہی ہے کائنات اور اس کی مخلوقات کا خالق نباتات و جمادات اور حیوانات کا خالق
ii. یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی ایسی چنگاری بھی یا رب اپنی خاکستر میں تھی!
iii. یہ سماں اور اک قوی انسان ، یعنی کاشت کار ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار
iv. مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

4=2x2

**(حصہ غزل)**

i. مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے تری آرزو رہنما ہو گئی ہے
ii. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا رنگ ، تیری ہنسی سے ملتا ہے
iii. یُوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق مگر اے دوست ، کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

**3.** درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔

(الف) مرزا صاحب دِلّی کے شرفا کے ایک متموّل خاندان کے چشم و چراغ تھے۔ تراہا بیرم خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے ہاتھ کو مُڑ جاتا ہے، اسی کے نکڑ پر مرزا صاحب کا آبائی مکان تھا۔ اسی علاقے میں سر سید احمد خان کا قدیم مکان بھی تھا۔ سر سید سے بھی مرزا صاحب کی عزیز داری تھی، اور منشی ذکاء اللہ سے بھی ان کی قرابت داری ہو گئی تھی۔ 05 =1/2+1/2+2+2

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہے۔ اردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی۔ جس سے ہم سب ہمیشہ معترف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔ نا ملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے شوق اور سنجیدگی سے علمی مسائل پر اظہارِ خیال فرماتے۔ 05 =1/2+1/2+2+2

www.pakcity.org

**4.** درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10 =5x2

i. سیدانی بی کا خاندان کیسے تباہ ہوا تھا؟
ii. کسان کو کیسے یقین آیا کہ اس کی بیوی پاگل ہو گئی ہے؟
iii. نام دیو نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟
iv. علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟
v. نظم ''فاطمہ بنتِ عبداللہ'' میں شاعر نے فاطمہ کو کیسے خراجِ تحسین پیش کیا ہے؟
vi. حسرت موہانی کی غزل میں ''انتہا'' کو پہنچنے کیلئے کس چیز کی ضرورت ہے؟
vii. مقطع کی تعریف کریں اور مثال میں ایک شعر لکھیں۔
viii. ''مُشتِ خاک''، ''بے تیغ و سپر'' مرکبات کا مختصر مفہوم لکھیں۔

**5.** کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نام دیو مالی یا مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ 05

**6.** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

i. میرے دوست ii. والدین کی اطاعت ii. دہشت گردی

**7.** درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔ 10 =5x2

دنیا کے ادب میں ڈراما ایک نہایت قدیم صنف ہے۔ لیکن جدید ڈرامے کا تصور بعد میں انگریز کی وساطت سے آیا۔ اردو ڈرامے کے پیش رو کی حیثیت سے ''رہس'' کا ذکر ضروری ہے اور اس دور میں ڈرامے پر شاعری، رقص و سرود اور موسیقی کا غلبہ تھا۔ انیسویں صدی کے آخر تک یہی سلسلہ رہا۔ بیسویں صدی کے پہلے ربع میں مقفّٰی مکالموں کا زور رہا بلکہ عبدالحلیم شرر نے انگریزی کے تتبع میں نظم معرا کی صورت میں چند ڈرامائی نمونے بھی پیش کیے۔ دوسرے ربع کے ڈراما نگاروں کے ہاتھوں ڈراما زندگی اور عوام سے قریب تر ہوتا گیا۔ اس زمانے میں امتیاز علی تاج نے اپنا معروف ڈراما ''انارکلی'' لکھا۔ ان کے ہم عصر ڈراما نگاروں میں عابد علی عابد اور میرزا ادیب بالخصوص قابلِ ذکر ہیں۔

**سوالات:**

i. اُردو ڈرامے کا ذکر کرتے وقت ''رہس'' کا ذکر کیوں ضروری ہے؟
ii. طبع زاد ڈراما کیا ہوتا ہے؟
iii. مقفّٰی مکالمے سے کیا مراد ہے؟
iv. وہ کونسا دور تھا جس میں اردو ڈرامے میں شاعری اور رقص و سرود کا غلبہ تھا؟
v. اس عبارت کا عنوان تجویز کیجیے۔

R

☆☆

S.S.C - (Part-II)-A-2022

Roll No. ________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all Session)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

اُردو (لازمی) (معروضی) گروپ - II

RWP-42-22

وقت : 20 منٹ

نمبر : 15

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھئے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C اور D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

-1 1 - لڑکی نے ریل کا سفر ______ درجے میں کیا۔

(A) انٹر (B) اوّل (C) دوم (D) اے سی

2 - گدلا پانی پودوں کیلئے ______ تھا۔

(A) ضرر رساں (B) بے سود (C) مفید (D) آبِ حیات

3 - مرزا صاحب دِلّی کے ______ خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

(A) غریب (B) متوسط (C) مذہبی (D) متمول

4 - شاعر کو کسی کی یاد ______ سے نہیں آئی۔

(A) دو سال (B) پانچ سال (C) چھے سال (D) ایک مدّت

5 - وہ فرضی کہانی جو مختصر، دِل چسپ اور واقعاتی لحاظ سے زندگی کے کسی ایک پہلو پر روشنی ڈالے اسے ______ کہیں گے۔

(A) داستان (B) افسانہ (C) شہرآشوب (D) ناول

6 - درست تلفُّظ کی نشاندہی کیجئے:

(A) مَصَوَّر (B) مَصِوَّر (C) مَصَوَر (D) مُصَوِّر

7 - ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد ______ کی طرف توجہ تیز ہوگئی۔

(A) غزلوں (B) نظموں (C) مرثیے (D) شہرِآشوب

8 - شاکر صاحب، مصنف کو ______ لے گئے۔

(A) سلیم پور (B) دِلّی (C) جے پور (D) شاہ پور

9 - چُغل خور نے بتایا کہ کوڑھی کا جسم ______ ہو جاتا ہے۔

(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

10 - ڈرائیور احتراماً علی بخش کو ______ پیش کرتا تھا۔

(A) چائے (B) کھانا (C) سگریٹ (D) شربت

11 - متن کے مطابق محبوبِ پروردگار کا پیغام ______ ہے۔

(A) اصولِ محبت (B) غم گساری و غریب نوازی (C) امانت داری (D) یہ تمام

12 - فتنۂ قیامت کا سلسلہ ______ سے ملتا ہے۔

(A) محبوب کی خوش قامتی (B) خوش ادائی (C) انگڑائی (D) محفل آرائی

13 - کسی جملے کے اجزاء کو الگ الگ کرنے اور ان کے باہمی تعلق کا ظاہر کرنے کو ______ کہتے ہیں۔

(A) فعل ناقص (B) مبتدا (C) فعل تام (D) ترکیب نحوی

14 - اسمِ ضمیر جب کسی دوسرے اسم کی جگہ آتا ہے اسے ______ کہتے ہیں۔

(A) ضمیر فاعلی (B) مرجع (C) اسمِ صفت (D) اسمِ موصوف

15 - درست تلفُّظ کی نشاندہی کیجئے:

(A) جِلّالُ (B) حَلّالُ (C) جِلالُ (D) حُلّالُ

R

www.pakcity.org

Roll No. ________ اُمیدوار خود پُر کرے | S.S.C - (Part-II)-A-2022 | (For all Session)

اُردو (لازمی) (انشائیہ) گروپ - II

وقت: 2:10 گھنٹے

RWP-G 2-22

نمبر: 60

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i - بشر کو فطرتِ اسلام پر پیدا کیا جس نے ...... محمد مصطفیٰ ﷺ کے نام پر شیدا کیا جس نے

ii - پانی تھا آگ ، گرمی روزِ حساب تھی ...... ماہی جو سیخ موج تک آئی ، کباب تھی

iii - جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار ...... جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہر یار

iv - سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح ...... اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

(حصہ غزل)

i - مُصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے ...... تری آرزو رہنما ہو گئی ہے

ii - کاروبارِ جہاں سنورتے ہیں ...... ہوش جب بے خودی سے مِلتا ہے

iii - ہم اُسے منہ سے بُرا تو نہیں کہتے کہ فراق ...... دوست تیرا ہے ، مگر آدمی اچھا بھی نہیں

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اس تمدنی پس منظر کے طفیل ایک وقتی جذبۂ ہیجان نہیں بلکہ تہذیبی اکائی بن کر ہماری معاشرتی زندگی میں بہت دور تک جاتی ہے۔ اس وُسعت پزیری سے موضوع کی جڑیں ہماری ادبی روایات میں پھیل گئی ہیں۔

(ب) نہ کاغذ ہے، نہ ٹکٹ ہے، اگلے لفافوں میں سے ایک بیرنگ لفافہ پڑا ہے۔ کتاب میں سے یہ کاغذ پھاڑ کو تم کو خط لکھتا ہوں اور بیرنگ لفافے میں لپیٹ کر بھیجتا ہوں۔ غمگین نہ ہونا۔ کل شام کو کچھ فتوح کہیں سے پہنچ گئی ہے، آج کاغذ اور ٹکٹ منگا لوں گا۔ سہ شنبہ ۸۔ نومبر صبح کا وقت ہے۔

4 - درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

i - نام دیو مالی پودوں کو دیکھتے ہوئے کیسا لگتا تھا؟

ii - علی بخش کے مطابق ڈاکٹر صاحب کو کھانے کیلئے کیا پسند تھیں؟

iii - دہشت گردی سے معاشرتی زندگی کس طرح متاثر ہوتی ہے؟

iv - پرستان میں پان کی عادت کی وجہ سے پتا توڑا تو کیا محسوس کیا؟

v - انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

vi - شاعر کے کہنے کے مطابق سڑک پر چلنے والی گاڑیوں کی کیا حالت ہوتی ہے؟

vii - شاعر اپنی عاجزی و انکساری کو کیسے بیان کرتا ہے؟

viii - شاعر نے چراغوں اور کنول سے کیا مراد لیا ہے؟

5 - کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: پرستان کی شہزادی **یا** چغل خور 05

6 - درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

i - فٹ بال کا ایک میچ ii - محنت کی برکتیں iii - شہری زندگی کے مسائل

7 - درج ذیل پیرا گراف کو غور سے پڑھیے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

پنجاب کی حد اُن دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے ہوئے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ اِدھر سے سبکتگین بھی نکلا چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے، انہیں خبر بھی نہ ہوئی ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں۔ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے اُن کے اوسان جاتے رہے۔

سوالات: i - راجہ جے پال نے کیا دیکھتے ہوئے غزنی پر حملہ کیا؟

ii - جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

iii - ہندوستانیوں کا وہاں رضائی کے بغیر گزارہ کیوں نہیں ہو رہا تھا؟

iv - برف باری نے کیا اثرات ڈالے؟

v - جنگ کیلئے لشکر کہاں سے کہاں تک پھیلا دیا گیا تھا؟



www.pakcity.org

☆☆☆☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all Session)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

RWP-G1-20

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-I

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو C,B، A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟

(A) دلی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

2. اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟

(A) قصبے میں (B) شہر میں (C) دوسرے گاؤں میں (D) بیرون ملک

3. نظم ''کسان'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی (B) جمیل الدین عالی (C) میر انیس (D) دلاور فگار

4. مسدس کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟

(A) دو (B) تین (C) چھ (D) سات

5. حسرت موہانی نے کس چیز کو رہنما ٹھہرایا ہے؟

(A) وصل محبوب (B) محبوب کی تمنا (C) واعظ کی نصیحت (D) غم روزگار

6. ''مسجد'' گرائمر کی رو سے کیا ہے؟

(A) اسم صوت (B) اسم آلہ (C) اسم مصدر (D) ظرف مکاں

7. وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، کہلاتا ہے۔

(A) فعل لازم (B) فعل معروف (C) فعل مجہول (D) فعل تام

8. مرکب کی کتنی اقسام ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

9. ''نفاست'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) نَفاسَت (B) نُفاسِت (C) نِفاسَت (D) نِفاسُت

10. ''مسافر'' کا درست تلفظ ہے۔

(A) مَسافِر (B) مُسافُر (C) مُسافِر (D) مَسافُر

11. پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔

(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

12. سبق ''ملمع'' کے ماخوذ کے نام کیا ہے؟

(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

13. مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کرتے تھے۔

(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

14. میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟

(A) میر مجروح (B) میر نصیر الدین (C) میرن (D) شاہ محمد عظیم

15. قدرت اللہ شہاب کس شہر کے ڈپٹی کمشنر تھے؟

(A) لاہور (B) جھنگ (C) ملتان (D) ڈیرہ غازی خان

www.pakcity.org

Roll No:______ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

RWP-GI-20

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. اب انسان کو انساں کا عرفان ہوگا ، یقین ہو گیا ، اعتبار آ گیا ہے
ii. کوسوں کسی شجر میں نہ گُل تھے ، نہ برگ و بار ، ایک ایک نخل جل رہا تھا صورتِ چنار
iii. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں ، دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال
iv. جلوۂ قدرت کا شاہد حُسنِ فطرت کا گواہ ، ماہ کا دل ، مہرِ عالم تاب کا نُورِ نگاہ

**(حصہ غزل)**

i. سلسلہ ، فتنۂ قیامت کا تیری خوش قامتی سے ملتا ہے
ii. بات یہ ہے کہ سکونِ دلِ وحشی کا مقام ، کُنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں
iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ، یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) مرزا صاحب بظاہر علیل نہیں معلوم ہوتے تھے اکہرا ڈیل، اُجلا رنگ کشادہ پیشانی گھنی بھنوؤں کے سائے میں بڑی بڑی روشن آنکھیں رخسار کی ہڈیاں اُبھری ہوئیں کتروان مونچھیں ہنستے تو سامنے کے دو چار دانت ٹوٹے ہوئے نظر آتے مگر برے نہ لگتے تھے۔

(ب) فن خطاطی کے مظہر کی حیثیت سے قرآن کریم کی وہ آیات توپ کاپی میں موجود ہیں جو مشہور خطاطوں کی ہنرمندی کے نمونے کی حیثیت سے عالمی شہرت رکھتی ہیں رسول اللہ ﷺ کی سیرت و سوانح پر نسخ میں ایک اہم مخطوطہ بھی توپ کاپی میں موجود ہے۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا محمد سعید نے کن دو کالجوں میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟
ii. شدھی اور سنگھٹن کی تحریکوں کے مقاصد کیا تھے؟
iii. ترکی کے شہر استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟
iv. بندوق کے بُرے دوستوں میں سے دو کے نام لکھیے۔
v. اونٹ کو نکیل پڑنے سے شاعر دلاور فگار کی مراد کیا ہے؟
vi. علامہ اقبال کی نظم "فاطمہ بنتِ عبداللہ" میں "برسے ہوئے بادل" سے کون مراد ہے؟
vii. گھر والوں نے ریل کے سفر میں عقیل کو ساتھ لے جانے کا مشورہ دیا تو اُس پر لڑکی نے کیا جواب دیا؟
viii. حسرت موہانی کو برطانوی سامراج کی جانب سے کس قسم کی قید کی سزا ہوئی تھی اور انھیں روزانہ کیا کرنا پڑتا تھا؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان یا نام دیو مالی** 05

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** 15

i. زم زم ii. سائنس کے کرشمے ii. والدین کی اطاعت

**7. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں، ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
ii. عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
iii. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
iv. آریائی خاندانوں کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔
v. دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

www.pakcity.org

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all Sessions)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 8 |
|---|---|---|---|---|

RWP-92-20

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-II

وقت: 20 منٹ نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. علی بخش کے مطابق ڈاکٹر محمد اقبالؒ کی پسندیدہ خوراک کیا تھی؟
(A) پلاؤ (B) سیخ کباب (C) پلاؤ اور سیخ کباب (D) چپلی کباب اور زردہ

2. پون ٹوٹی (چنگی) کس چیز پر معاف تھی؟
(A) ترکاری اور پھل (B) اناج اور اُپلے (C) غلہ اور ترکاری (D) پھل اور اُپلے

3. جمیل الدین عالی نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کیا کہا ہے۔
(A) ٹوکری (B) پھلواری (C) دلکش کھیتی (D) نگری

4. نظم "فاطمہ بنت عبداللہ" کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(A) علامہ اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خان (D) احسان دانش

5. پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟
(A) ہنسی سے (B) شکل و صورت سے (C) تازگی اور نفاست سے (D) خوش پوشی سے

6. "قائدِ اعظم" گرامر کی رو سے ہے۔
(A) خطاب (B) لقب (C) تخلص (D) عرف

7. وہ فعل جس سے کسی کام کے نہ کرنے یا نہ ہونے کا حکم ہو۔
(A) فعل مضارع (B) فعل امر (C) فعل نہی (D) فعل لازم

8. "گیارہ کتابیں" گرامر کے اعتبار سے کیا ہے؟
(A) مرکب توصیفی (B) مرکب اشاری (C) مرکب تام (D) مرکب عددی

9. "امرا" کا درست تلفظ ہے۔
(A) اِمَرا (B) اُمَرا (C) اُمْرا (D) اَمَرا

10. "معراج" کا درست تلفظ ہے۔
(A) مُعَراج (B) مَعراج (C) مِعْراج (D) مِعِراج

11. مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟
(A) بی۔اے (B) ایم۔اے تاریخ (C) ایم۔اے انگریزی ادب (D) ایم۔اے اردو ادب

12. سبق "نظریہ پاکستان" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں (C) سر سید احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

13. "سبق مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" کے مصنف کا نام ہے۔
(A) شاہد احمد دہلوی (B) ڈاکٹر وحید الدین (C) سجاد حیدر یلدرم (D) مولوی عبدالحق

14. چغل خور نے کیا بتایا کہ کوڑھی کا جسم ہو جاتا ہے؟
(A) نمکین (B) میٹھا (C) کھٹا (D) کڑوا

15. باغ کے داروغہ کون تھے؟
(A) سید سراج الحسن (B) مولوی عبدالحق (C) عبدالرحیم فینسی (D) ایوب عباسی

www.pakcity.org

Roll No:________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

RWP-GI-20

# اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. زمین پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے — بچھائے ہیں اُسی داتا نے دسترخوان نعمت کے

ii. یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یا رب اپنی خاکستر میں تھی

iii. جُھٹ پٹے کا نرم رو دریا، شفق کا اضطراب — کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروب آفتاب

iv. میاں شتر کو مبارک یہ رشتۂ شادی — اسی کو کہتے ہیں اردو میں قیدِ آزادی

**(حصہ غزل)**

i. مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے — تری آرزو رہنما ہوگئی ہے

ii. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

iii. ایک مُدّت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے۔ لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لیے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں ختم ہوگئی تھی۔

(ب) لیکن خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ میرے ساتھ ایک آدھ روز کے لیے جھنگ چلنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو غالباً اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب میں بھی بہت سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبال کی باتیں پوچھ پوچھ کر اس کا سر کھپاؤں گا۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. مرزا محمد سعید کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

ii. سیدانی بی نے گزر اوقات کے لیے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

iii. ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر علی بخش نے کیا کہا؟

iv. نام دیو مالی نے پانی کی قلت کے زمانے میں چمن کو کیسے شاداب رکھا؟

v. پاکستانی بچے، صحنِ چمن کی مٹی کو کس چیز سے سینچیں گے؟

vi. میر انیس کی نظم "میدان کربلا میں گرمی کی شدت" ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

vii. جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا جمیل الدین عالی کے اس مصرعے کا مفہوم لکھیے۔

viii. جگر مراد آبادی کے مطابق روح کو محبت کا مزا کیسے ملتا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مرزا محمد سعید **یا** چغل خور 05

**6. دیے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) برسات کا موسم (ii) یومِ آزادی (iii) محسنِ انسانیت ﷺ 15

**7. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجا یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اُس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چناں چہ دفعتہً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چناں چہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتہً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے، مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں، سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:**

i. کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟

ii. وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟

iii. جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

iv. جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

v. "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟



www.pakcity.org

Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

(For all Session)

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 3 |
|---|---|---|---|---|

RP-10-19-GI

# اُردو لازمی (معروضی) Group-I-گروپ

وقت:20 منٹ

نمبر:15

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A ،B ،C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کی جگہ استعمال کیا جائے، کہلاتا ہے۔
(A) اسم نکرہ (B) اسم صفت (C) اسم ضمیر (D) اسم ذات

2. " شکر " کا درست تلفظ ہے۔
(A) شِکَر (B) شَکَر (C) شُکَر (D) شُکُر

3. "مضمون" کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَضمُون (B) مَضْمُون (C) مِضمَون (D) مَضمَون

4. پروگرام "دانش کدہ" میں کتنے دانش ور بلائے جاتے تھے؟
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

5. اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کیلئے کس نے سختیاں جھلیں؟
(A) حضرت مجدد الف ثانیؒ (B) شاہ ولی اللہؒ (C) سید احمد بریلوی (D) شاہ عبدالعزیز دہلویؒ

6. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ " ہلال عید کی گردوں پر آمد آمد ہے"۔
(A) اقبالؔ (B) حفیظ جالندھریؔ (C) عبدالمجید سالکؔ (D) حالیؔ

7. جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی؟
(A) پندرہ منٹ (B) آدھا گھنٹہ (C) ایک گھنٹہ (D) چند منٹ

8. شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے۔
(A) ارضی (B) صحرائی (C) آسمانی (D) جنت کی

9. ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے؟
(A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ

10. مقبرہ رابعہ درانی کہاں واقع ہے؟
(A) دلی میں (B) اورنگ آباد میں (C) حیدر آباد میں (D) الہ آباد میں

11. نظم "کسان" کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(A) جمیل الدین عالی (B) جوش ملیح آبادی (C) دلاور فگار (D) محمود سرحدی

12. رن کی زمین سرخ تھی اور آسمان تھا:
(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

13. فتنۂ قیامت کا سلسلہ کس سے ملتا ہے؟
(A) محبوب کی خوش قامتی سے (B) خوش ادائی سے (C) انگڑائی سے (D) محفل آرائی سے

14. اسم معرفہ کی کتنی اقسام ہیں؟
(A) چار (B) پانچ (C) چھ (D) سات

15. "قائداعظم" گرامر کی رو سے کیا ہے؟
(A) خطاب (B) کنیت (C) ضمیر (D) لقب

www.pakcity.org

S.S.C-(Part-II)-A-2019

Roll No:________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## Group-I-گروپ

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

10

**2. درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)**

**(حصہ نظم)**

i. دو عالم کا امداد گار آگیا ہے ، امین آگیا ، غم گسار آگیا ہے

ii. گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر ، بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

iii. جلوۂ قدرت کا شاہد ، حُسنِ فِطرت کا گواہ ، ماہ کا دِل ، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

iv. اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کا اِتفاق ، اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال

**(حصہ غزل)**

i. ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت ، ترے شوق میں کیا سے کیا ہوگئی ہے

ii. ایک مُدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں ، اور ہم بھول گئے ہوں تجھے ، ایسا بھی نہیں

iii. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے ، یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

10

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔**

(الف) افسوس! اتنا بڑا صاحب کمال ہم سے اُٹھ جائے اور اس کی سوانح ہم تک نہ پہنچے کتنے بے خبر ہیں ہم لوگ! زندہ قوموں کا یہ شعار نہیں ہوتا کہ اپنے اہلِ کمال سے غافل ہو جائیں۔

(ب) ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے اس صلاحیت کو درجہ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے درجہ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے نہ پہنچ سکتا ہے لیکن وہاں تک پہنچنے کی، کوشش ہی میں انسان، انسان، بنتا ہے یہ کھرا کندن ہو جاتا ہے حساب کے دن جب اعمال کی جانچ پڑتال ہوگی خدا یہ پوچھے گا کہ میں نے جو استعداد تجھ میں ودیعت کی تھی اُسے کمال تک پہنچانے اور اس سے کام لینے میں تو نے کیا کیا؟

10

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔**

i. مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

ii. مصنف پر اس فقیر نے کیا اثر کیا؟

iii. لڑکی کیوں سفر کر رہی تھی؟

iv. ''توپ کاپی'' میوزیم کا تعارف اپنے الفاظ میں کرائیے۔

v. شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

vi. نظم مال گودام روڈ، سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟

vii. علم کی طاقت سے کس طرح بندوق کو شکست دی جاسکتی ہے؟

viii. فراق گورکھپوری کی شامل نصاب غزل ان کے کس مجموعے سے لی گئی ہے؟

05

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ یا نام دیو مالی**

15

**6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔**

i. قائداعظم رحمۃ اللہ علیہ ii. شہری اور دیہاتی زندگی ii. وقت کی پابندی

10

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔**

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں، ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii. عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

iii. کن کن ممالک میں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

iv. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

www.pakcity.org

Roll No. 5825 (امیدوار خود پُر کرے)

**(For all Sessions)**

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 2 |
|---|---|---|---|---|

RP-10-19-G II

# اُردو لازمی (معروضی)

گروپ-II

وقت: 20 منٹ

نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1 درست تلفظ ہے۔

(A) مُعِطّر (B) مُعَطَّر (C) مِعْطَر (D) مَعْطَر

2. آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا؟

(A) سات (B) تین (C) نو (D) پانچ

3. غڑغوں گرامر کی رو سے ہے۔

(A) اسم ظرف (B) اسم آلہ (C) اسم مصدر (D) اسم صوت

4. درست تلفظ ہے۔

(A) تُعَاوَن (B) تِعَاوِن (C) تَعَاوُن (D) تَعاوُن

5. سبق ''چغل خور'' مصنف کی کس کتاب سے لیا گیا ہے؟

(A) چینی لوگوں کی کہانیاں (B) جاپانی لوگوں کی کہانیاں (C) پنجابی افسانے (D) پنجابی لوک داستانیں

6. پھولوں کا رنگ محبوب کی کس بات سے ملتا ہے؟

(A) خوش پوشی سے (B) تازگی اور نزاکت سے (C) ہنسی سے (D) شکل وصورت سے

7. اسم جامد ہے۔

(A) چٹان (B) چھم چھم (C) عیدگاہ (D) صبح

8. شاعر نے پاکستان کو رنگ برنگے پھولوں سے سجی کہا ہے۔

(A) ٹوکری (B) پھلواری (C) ڈلیا (D) نگری

9. حاصل مصدر ہے۔

(A) دفتر (B) پگڑ (C) ڈھولک (D) مسکراہٹ

10. پرستان سے سیّدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟

(A) جواہرات (B) کنکر پتھر (C) روپیا پیسا (D) خلعت اور زیورات

11. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''

(A) اقبال (B) حالی (C) جالندھری (D) عبدالمجید سالک

12. پروگرام ''دانش کدہ'' میں کتنے دانشور بلائے جاتے ہیں؟

(A) تین (B) چار (C) سات (D) دو

13. مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔

(A) احمد مرزا (B) شاکر (C) محمد تحسین (D) قرض خواہ دوست

14. سبق ملمع اصنافِ ادب کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) افسانہ (B) داستان (C) ناول (D) مضمون

15. استنبول کا فاتح کون ہے؟

(A) مراد ثانی (B) سلطان سلیمان (C) حضرت ایوب انصاریؓ (D) سلطان محمد فاتح

www.pakcity.org

S.S.C-(Part-II)-A-2019

Roll No:______________ امیدوار خود پُر کرے

**(For all Sessions)**

# اُردو لازمی (انشائیہ)

گروپ-II

Rwp-G2-10-19

وقت: 2:10 گھنٹے

نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. بُجھے گا نہ جس کا چراغ محبت — وہ پیغمبر ذی وقار آگیا ہے

ii. یہ سعادت حورِ صحرائی ! تیری قسمت میں تھی — غازیانِ دیں کی سقائی تیری قسمت میں تھی

iii. جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار — جس کے کس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار

iv. ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ — واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال

**(حصہ غزل)**

i. آج کیا بات ہے کہ پھولوں کا — رنگ تیری ہنسی سے ملتا ہے

ii. بات یہ ہے کہ سکونِ دل وحشی کا مقام — کنجِ زنداں بھی نہیں وسعتِ صحرا بھی نہیں

iii. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

(الف) ریشم اور سونے کے تاروں سے بنی ہوئی آبِ رواں موتیوں سے لیسی ہوئی گلشن، ایسا ہی کم خواب اور زربفت کہ دید نہ شنید، گوٹا وہ کہ دُنیا دیکھے اور اَش اَش کرے۔ رنگ رنگ کے جوہرات کی لڑیاں تھیں۔

(ب) میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو تکلیف پہنچی ہو۔ شریف آدمی کی یہ صفت سب سے معتبر مانی گئی ہو، اردو، فارسی اور عربی ادبیات پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، وسیع اور متنوع تھی۔ جس کے ہم سب ہمیشہ منتصرف رہے اور اس سے استفادہ کیا۔

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو کس کام کیلئے بلوایا تھا؟

ii. سبق "مرزا محمد سعید" مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

iii. چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

iv. سبق "اٹھ باندھ کمر کیوں ڈرتا ہے" اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟

v. نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

vi. "جلوہ قدرت کا شاہد" سے کون مراد ہے؟

vii. نظم "نعت" کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟

viii. شامل نصاب غزل میں دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ **یا** علی بخش 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) یوم آزادی (ii) چاندنی رات (iii) گداگری 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسرے کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کے لیے سامان ہو رہا ہے۔

**سوالات:**

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ iii. دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

iv. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

08-010-A-

www.pakcity.org

# اُردو لازمی (معروضی)

## گروپ-Group-I

وقت: 20 منٹ

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیئے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C, اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. ''مرزا محمد سعید'' کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟
(A) سر سید احمد خاں (B) شیخ عبدالقادر (C) شاہد احمد دہلوی (D) اشفاق احمد زاہدی

2. سبق ''نظریہ پاکستان'' کے مصنف ہیں۔
(A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (C) سر سید احمد خاں (D) جمیل الدین عالی

3. قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:
(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

4. یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''۔
(A) اقبالؒ (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

5. آفت کا مارا فقیر بچوں کا باپ تھا۔
(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

6. سبق ''چغل خور'' مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟
(A) پنجابی لوک داستانیں (B) چینی لوک کہانیاں (C) پنجاب کی لوک کہانیاں (D) جاپان کی لوک کہانیاں

7. اقلیتوں کے ـــــــ کی حفاظت کرو۔
(A) دہشت گردی (B) رویوں (C) حقوق (D) مذہب

8. ''میدانِ کربلا میں گرمی کی شدت'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(A) مرزا دبیر (B) میر انیس (C) مولوی میر حسن (D) میر خلیق

9. نظم ''فاطمہ بنت عبداللہ'' کس مجموعہ کلام سے لی گئی ہے؟
(A) بانگ درا (B) بالِ جبریل (C) ضرب کلیم (D) ارمغان حجاز

10. کون سا راستہ جہاں بادِ صرصر صبا ہو گئی ہے؟
(A) راہِ محبت (B) دیارِ وفا (C) روِ دیارِ وفا (D) راہِ وفا

11. اسم علم کی اقسام ہیں۔
(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12. ''تلوار'' گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسمِ ظرف (B) اسمِ آلہ (C) اسمِ صوت (D) اسمِ مکبر

13. ''رات'' گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم معرفہ (B) اسم نکرہ (C) ظرف مکاں (D) ظرف زماں

14. درست تلفظ ہے۔
(A) جَشَم (B) جِشم (C) جُشم (D) جَشْم

15. درست تلفظ ہے۔
(A) شُکَر (B) شِکَر (C) شُکْر (D) شَکَر

05-010-A-☆

RWP-10-1-18

www.pakcity.org

اُردو لازمی (انشائیہ) گروپ-I-Group

وقت: 2:10 گھنٹے نمبر: 60

2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i. منزل پر پہنچیں گے اک دن ، وہیں قیام کریں گے — روک نہیں سکتی ہے ناصر کوئی بھی دیوار ہمیں
ii. نظامِ آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہارِ جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے
iii. اس پہ جانے کا کبھی ہوتا ہے جس کو اتفاق — اس کے لوٹ آنے کا پیدا ہی نہیں ہوتا سوال
iv. یہ سعادت حورِ صحرائی تری قسمت میں تھی — غازیانِ دین کی سقائی تری قسمت میں تھی

(حصہ غزل)

i. یہ وہ راستہ ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِصرصر ، صبا ہوگئی ہے
ii. یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق — مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں
iii. جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور — تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) اُس کی کارسازی کے قربان، صدقے مشکل کشا کے عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی جوڑے میں واہ واہ ہوگئی۔ شہزادی کا چہرہ بھی خوشی کے مارے پھول کی طرح کھل گیا۔ اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے، دِنوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔ کہانی بہت لمبی ہے کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی دُھن باندھ لے وہ ہو ہی جاتا ہے۔

(ب) قُسطنطنیہ پر فوج کشی ہوئی تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ اس گروہ میں شریک تھے۔ سفرِ جہاد میں وبا پھیل گئی۔ مجاہدین کی بڑی تعداد اس وَبا کا شکار ہوئی۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ بھی علیل ہوئے۔ ان کا انتقال ہوا تو مسلمان مجاہدین نے انہیں رات کے وقت قُسطنطنیہ کی دیواروں کے نیچے دفن کر دیا آج بھی مقبرہ دنیا کے مسلمانوں کیلئے مَرجع خیر و برکت بنا ہوا ہے۔

4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ 10

i. لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی اس کا ماحول کیسا تھا؟
ii. اردو کے شعراء نے ہر دور میں عیدالفطر کو موضوعِ سخن کیوں بنایا؟
iii. چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟
iv. نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟
v. حکومت کی اولین ترجیح کیا ہے؟
vi. نعت کے آخری شعر میں خضر سے کون سی ہستی مراد ہے؟
vii. شاعر منزلِ مقصود پر پہنچنے کیلئے پُر امید ہے، کیوں؟
viii. نظم میں شاعر نے ''نیا گل کھلانے'' کا ذکر کر کے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔ نظریہ پاکستان یا نام دیو مالی 05

6. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

i. تعلیمِ نسواں ii. زم زم ii. والدین کی اطاعت

7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجئے۔ 10

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے، جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوسِ قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور افق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔

**سوالات:**

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟ iii. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔
iv. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ v. دور افق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

RA 06-010-A- RWP-10-1-18

www.pakcity.org

## گروپ-II

# اُردو لازمی (معروضی)

نمبر:15

وقت:20 منٹ

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. شاعر نے تہذیب کا پروردگار کہا ہے۔
(A) عالم کو (B) مزدور کو (C) کسان کو (D) معلم کو

2. انتہا تک پہنچنے کی شرط ہے۔
(A) ابتدا کرنا (B) جہدِ مسلسل (C) ایثار (D) چاہت اور محنت

3. درست تلفظ والا لفظ ہے۔
(A) اَرَشَادُ (B) اَرْشَادُ (C) اَرِشَاد (D) اِرْشَادُ

4. مدرسہ کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَدَرْسَہ (B) مَدْرَسَہ (C) مَدْرِسَہ (D) مَدَرَسَہ

5. چھوٹو گرامر میں ہے۔
(A) لقب (B) خطاب (C) اسم عرف (D) ضمیر

6. غٹرغوں گرامر میں ہے۔
(A) اسم آلہ (B) اسم صوت (C) اسم جامد (D) اسم فاعل

7. شاہ سوار گرامر کی رو سے ہے۔
(A) اسم مکبر (B) اسم مصغر (C) اسم ظرف (D) اسم معاوضہ

8. سید احمد بریلوی اور شاہ اسماعیل شہید ہوئے۔
(A) ۱۸۲۱ء میں (B) ۱۸۳۱ء میں (C) ۱۸۴۱ء میں (D) ۱۸۵۷ء میں

9. پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔
(A) بالشت بھر (B) آدھے فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

10. آفت کا مارا فقیر بچوں کا باپ تھا۔
(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

11. سبق ملمع اصنافِ ادب کے لحاظ سے ہے۔
(A) داستان (B) افسانہ (C) مضمون (D) ناول

12. گدلا پانی پودوں کے لیے تھا۔
(A) ضرررساں (B) بے سود (C) مفید (D) آبِ حیات

13. مسلمانوں نے استنبول کا محاصرہ کتنے سال بعد اٹھایا؟
(A) پانچ (B) سات (C) آٹھ (D) نو

14. سبق کے مطابق قلم اور بندوق دونوں ------ تھے۔
(A) پڑوسی (B) عزیز (C) خطرناک (D) ظالم

15. شاعر نے فاطمہ کو حُور کہا ہے۔
(A) صحرائی (B) ارضی (C) آسمانی (D) جنت

R

07-010-A-☆☆☆

RWP-10-2-18

www.pakcity.org

# اُردو لازمی (انشائیہ)

## گروپ-II

وقت: 2:10 گھنٹے — نمبر: 60

**2. درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے)** 10

**(حصہ نظم)**

i. اپنے صحرا میں بہت آہو ابھی پوشیدہ ہیں — بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں
ii. یہ سماں اور اک قوی انساں ، یعنی کاشت کار — ارتقا کا پیشوا ، تہذیب کا پروردگار
iii. من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے — سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے
iv. اس میں ایسی کھائیاں ہیں ایسے ایسے غار ہیں — دفن ہو سکتا ہے جن میں آدمی بعد از وصال

**(حصہ غزل)**

i. بھول جاتا ہوں میں ستم اُس کے — وہ کچھ اس سادگی سے مِلتا ہے
ii. سر میں سودا بھی نہیں ، دل میں تمنا بھی نہیں — لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں
iii. تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

**3. درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ تشریح سے پہلے سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔** 10

**(الف)** عالِم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے۔ اُبھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے رخصت ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی عدم موجودگی رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ اُن کی جدائی کا گھاؤ بڑھتا چلا جائے گا۔ مرزا صاحب بہت ہی خاموش کام کرنے والوں میں سے تھے، یعنی اتنے خاموش کہ خود اُن کے زمانے کے اکثر لوگ بھی ان کے علمی اور ادبی کارناموں سے واقف نہیں ہوئے۔

**(ب)** اُس نے ایک بار پھر آگے بڑھ کر کسان کی کلائی پکڑنے کی کوشش کی۔ یہ دیکھ کر کسان نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، پاؤں سے جوتا اُتار کر وہیں بیوی کی ٹھکائی شروع کر دی۔ جوں ہی اُس نے جوتے برسانے شروع کیے، قریب ہی کھیت میں چھپے ہوئے کسان کے سالے باہر نکل آئے: ''واقعی نوکر ٹھیک کہہ رہا تھا''۔

www.pakcity.org

**4. درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔** 10

i. دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا گیا ہے؟
ii. شاعر کے نزدیک حضور ﷺ کا پیغام کیا ہے؟
iii. مصنف کے شریک سفر دوستوں کے نام تحریر کیجیے۔
iv. مذکورہ سڑک پر گھوڑوں پر کیا بیتی؟ ''حوالہ نظم مال گودام روڈ''
v. رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کے مخاطب کا کیا نام ہے؟
vi. عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟
vii. لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟
viii. سیدانی نے گزر اوقات کے لئے کون سا پیشہ اختیار کیا؟

**5. کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔** نظریہ پاکستان **یا** استنبول 05

**6. دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔** (i) برسات کا موسم (ii) محنت کی برکتیں (iii) قائداعظم۔ 15

**7. درج ذیل عبارت کو پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات دیجیے۔** 10

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو اُن کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان، زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شاخیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟ ii. عربی اور انگریزی زبانیں کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟ iii. ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟
iv. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا ذکر اوپر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھیے۔ v. دنیا کے کون کون سے ممالک ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

A | L.K.No. 103 | Paper Code No. 7021 | اُردو (لازمی)

(SSC-A-2018) | نیو کورس | پرچہ : II (معروضی طرز)

SSC (Part - II) | گروپ فرسٹ | وقت : 20 منٹ

Session (2015 - 17) & (2016 - 18) | نمبرات : 15

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے :

(1) (A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

(2) مسلم لیگ کا قیام کہاں عمل میں لایا گیا : (A) ڈھاکہ میں (B) دلی میں (C) لاہور میں (D) علی گڑھ میں

(3) سیدانی بی کا پیشہ تھا : (A) اُستانی (B) مُغلانی (C) ڈاکٹر (D) صنعت کاری

(4) چغل خور کو چغل خور کہیں تو وہ (A) لڑپڑتا ہے (B) بھاگ جاتا ہے (C) ناراض ہو جاتا ہے (D) شرمسار ہو جاتا ہے

(5) مقبرہ رابعہ دورانی کہاں واقع ہے : (A) دلی میں (B) اورنگ آباد میں (C) حیدرآباد میں (D) الٰہ آباد میں

(6) ایا صوفیہ کے برابر کیا ہے : (A) عجائب گھر (B) کتاب خانہ (C) قبرستان (D) فوجی عجائب خانہ (اوقاف)

(7) دوسرے خط کے مطابق مرزا غالب کو کتنی کتابیں موصول ہوئیں : (A) 20 (B) 33 (C) 30 (D) 43

(8) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں : (A) ہل کی ہتھی پر (B) خاک کی نبض پر (C) بانسری پر (D) حقے کی لے پر

(9) " جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے " سے کیا مراد ہے :

(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

(10) شاعرہ کو کس بات پر فخر ہے :

(A) اچھا شعر کہنے پر (B) محبوب کے ہم قدم ہونے پر (C) آسمان کے مہربان ہونے پر (D) محبوب کے التفات پر

(11) " تم کھاؤ " گرائمر کی رُو سے کیا ہے : (A) فعل امر (B) فعل نہی (C) فعل لازم (D) فعل متعدی

(12) " جب کسی کام کا ہونا یا کرنا گزرے ہوئے زمانہ میں پایا جائے کہلاتا ہے :

(A) فعل حال (B) فعل ماضی (C) فعل مستقبل (D) فعل متعدی

(13) وہ اسم معرفہ جو کسی خوبی کی وجہ سے قوم کی طرف سے دیا جائے کہلاتا ہے : (A) لقب (B) خطاب (C) کنیت (D) تخلص

(14) " اسلام " کا درست تلفظ ہے : (A) اِسَلامُ (B) اُسْلَام (C) اِسْلَامْ (D) اَسْلَامُ

(15) " حلال " کا درست تلفظ ہے : (A) حِلَالُ (B) حِلِالُ (C) حُلَالُ (D) حَلَالُ

B

---------☆☆☆☆☆---------

www.pakcity.org

| SSC ( Part - II ) | Session ( 2015 - 17) & (2016 - 18) | 103 - ۲۰۰۰ کرکے | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| نیو کورس/گروپ فرسٹ | وقت 10 : 2 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2018 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

**حصہ اول**

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

**حصہ نظم**

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)=2x5

(الف) نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے — بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے

(ب) فاطمہ ! تو آبروئے اُمّتِ مرحوم ہے — ذرّہ ذرّہ تیری مُشتِ خاک کا معصوم ہے

(ج) جلوۂ قدرت کا شاہد، حُسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل، مہرِ عالم تاب کا نورِ نگاہ

(د) آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ اُن کی پوچھیے — جس قدر ویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال

**حصہ غزل**

(الف) مِل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا — ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

(ب) تھے کتنے ستارے کہ سرِ شام ہی ڈوبے — ہنگامِ سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

(ج) ترے رُتبہ دانِ محبت کی حالت — ترے شوق میں کیا سے کیا ہو گئی ہے

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کریں۔ (10) = 5+5

(الف) موت برحق ہے۔ مرنا سب کو ہے مگر مرنے مرنے میں فرق ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے خاصی عمر پائی مگر اُن کی وفات کا صدمہ اس لئے زیادہ ہے کہ ایسے قابل ، ایسے شریف اور ایسے وضع دار لوگ زمانہ اب پیدا نہیں کرے گا۔ افسوس کہ پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں ، جہاں ہماری نیک آرزوئیں رہتی ہیں۔ ایسی جامع العلوم ہستی سے محروم ہونے کا ہمیں جتنا بھی غم ہو ، کم ہے :

اب کہاں لوگ اس طبیعت کے !

(ب) وہ بہت سادہ مزاج ، بھولا بھالا اور منکسر المزاج تھا۔ اس کے چہرے پر بشاشت اور لبوں پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جھک کر ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی ، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی بساط سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔ کام سے عشق تھا اور آخر کام کرتے کرتے ہی اس دُنیا سے رُخصت ہو گیا۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ (10)=2x5

(i) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لئے کون سا پیشہ اختیار کیا؟ (ii) محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

(iii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا خطبہ آدھا آدھا کن دو زبانوں میں دیا جاتا ہے؟ (iv) کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

(v) اسلام کیسے امن و آشتی کا مذہب ہے؟ (vi) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ "کہ" کر بنائی ہے؟

(vii) نظم " فاطمہ بنت عبداللہ " کس شاعر کی تخلیق ہے؟ (viii) شاعر حسرت موہانی کے ہاں مصیبت کے " راحت فزا " ہونے کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (الف) مرزا محمد سعید (ب) چغل خور (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (الف) تعلیم نسواں (ب) تندرستی ہزار نعمت ہے (ج) طالب علم کے فرائض (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لئے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لئے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو بُرائی سے بچا لیتا ہے اور ایک بُرا دوست اپنی بدکرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو بُرائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں ، سفرنامے ، تاریخی اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کیلئے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعہ سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

(i) کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟ (ii) بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

(iii) خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟ (iv) طالب علم کے لئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

(v) اس عبارت کا عنوان لکھیئے۔

BWP 10-1-18

www.pakcity.org

A | L.K.No. 104 | Paper Code No. 7022 | اُردو (لازمی)

(SSC-A-2018) | نیو کورس | پرچہ : II (معروضی طرز)

SSC (Part - II ) | گروپ سیکنڈ | وقت : 20 منٹ

Session ( 2015 - 17 ) & (2016 - 18) | نمبرات : 15

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C, D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1 مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے :

(1) (A) کتابوں پر (B) خیرات کرنے میں (C) جائیداد خریدنے پر (D) کھانے پینے پر

(2) اکبر بادشاہ کے دور میں دین کی سربلندی کے لئے کس نے سختیاں جھیلیں :
(A) شاہ ولی اللہ رحمتہ اللہ علیہ (B) حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ (C) سید احمد بریلوی رحمتہ اللہ علیہ (D) شاہ اسمٰعیل شہید رحمتہ اللہ علیہ

(3) قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں سیدانی بی کے سامنے :
(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) کان پکڑتی تھیں (D) دم نہ مارتی تھیں

(4) جب لڑکی ریلوے سٹیشن پہنچی تو گاڑی آنے میں کتنی دیر تھی (A) آدھا گھنٹا (B) ایک گھنٹا (C) چند منٹ (D) پندرہ منٹ

(5) گدلا پانی پودوں کے لئے تھا : (A) آبِ حیات (B) ضرر رساں (C) بے سود (D) مفید

(6) دوسرے خط کے مطابق مرزا غالب کو کتنی کتابیں موصول ہوئیں : (A) 20 (B) 33 (C) 30 (D) 40

(7) رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے : (A) دلی (B) لکھنؤ (C) علی گڑھ (D) لاہور

(8) نظم " فاطمہ بنت عبداللہ " کس شاعر کی تخلیق ہے :
(A) ظفر علی خان (B) احسان دانش (C) حفیظ جالندھری (D) علامہ محمد اقبال

(9) شاعر نے " تہذیب کا پروردگار " کسے کہا ہے : (A) کسان کو (B) معلم کو (C) مزدور کو (D) عالم کو

(10) شتر کے گھر میں کیا آیا ہے : (A) ہوا کا جھونکا (B) پیامِ بہار (C) ایک اور اونٹ (D) خوش کن پیغام

(11) " تم مت آؤ " گرائمر کی رُو سے کیا ہے : (A) فعل تام (B) فعل لازم (C) فعل نہی (D) فعل متعدی

(12) " غالب " گرائمر کی رُو سے ہے : (A) خطاب (B) کنیت (C) لقب (D) تخلص

(13) " شاہ کار " گرائمر کی رُو سے ہے : (A) اسم آلہ (B) اسم صوت (C) اسم مصغر (D) اسم مکبر

(14) " عقل " کا درست تلفظ ہے : (A) عَقْلُ (B) عَقَلَ (C) عَقُلُ (D) عَقِلُ

(15) " حلال " کا درست تلفظ ہے : (A) حُلَالُ (B) حَلَالَ (C) حَلَالُ (D) حِلَالُ

BWP-10-2-18

------☆☆☆☆☆------

| SSC ( Part - II ) | Session ( 2015 - 17) & (2016 - 18) | 104 -39000 | رول نمبر |
|---|---|---|---|
| نیو کورس / گروپ سیکنڈ | وقت 2:10 گھنٹے کل نمبر : 60 | SSC-A-2018 | اُردو لازمی (انشائیہ) |

حصہ اول

﴿ ہدایات ﴾ ☆ تمام سوالات کے جوابات اپنی جوابی کاپی پر تحریر کریں۔ ☆

سوال نمبر 2 درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی مختصر تشریح کریں۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو اشعار حصہ غزل سے) **حصہ نظم** 2x5=(10)

(الف) دو عالم کا امداد گار آگیا ہے امین آگیا، غم گسار آگیا ہے

(ب) اُڑتی تھی خاک، خشک تھا چشمہ حیات کا کھولا ہوا تھا دھوپ سے پانی فرات کا

(ج) من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے

(د) مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال

**حصہ غزل**

(الف) مصیبت بھی راحت فزا ہوگئی ہے تری آرزو رہنما ہوگئی ہے

(ب) مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا ٹوٹ کر دل، اُسی سے ملتا ہے

(ج) تھے کتنے ستارے کہ سر شام ہی ڈوبے ہنگام سحر کتنے ہی خورشید ڈھلے ہیں

**حصہ دوم**

سوال نمبر 3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کریں۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی تحریر کریں۔ 5+5 = (10)

(الف) مسلمانوں نے ہمیشہ رواداری کو اپنا شیوہ بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے مقابلے کے لئے ڈٹ کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے ملک میں کافرانہ طور طریقے اس قدر رائج ہوگئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہوگئی تھی۔

(ب) باغ کے داروغہ (عبدالرحیم خاں فیضی) خود بھی بڑے کارگزار اور مستعد شخص ہیں اور دوسروں سے بھی کھینچ تان کر کام لیتے ہیں۔ اکثر مالیوں کو ڈانٹ ڈپٹ کرنی پڑتی ہے۔ ورنہ ذرا بھی نگرانی میں ڈھیل ہوئی، ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گئے یا بیڑی پینے لگے یا سائے میں جا لیٹے۔ عام طور پر انسان فطرتاً کاہل اور کام چور واقع ہوا ہے۔

سوال نمبر 4 کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x5=(10)

(i) مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟ (ii) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(iii) لڑکی سٹیشن پہنچی تو اس نے سب سے پہلے کیا دیکھا؟ (iv) استنبول پر مسلمانوں کے پہلے حملے کی خاص بات کیا ہے؟

(v) اسلام کیسے صلح و آشتی کا مذہب ہے؟ (vi) انسان کو کس فطرت پر پیدا کیا گیا ہے؟

(vii) شاعر (دلاور فگار) نے سرکار در بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟ (viii) پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا کیا مفہوم ہے ؟

سوال نمبر 5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ (الف) نظریہ پاکستان (ب) چغل خور (5)

سوال نمبر 6 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (الف) زم زم ----- زم (ب) میرے دوست (ج) علم کے فائدے (15)

سوال نمبر 7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ (10)

سکون کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہً شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہ خاور کے خیر مقدم کے لئے سامان ہو رہا ہے۔

(i) سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟ (ii) تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

(iii) صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟ (iv) دور اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھیے۔

BWP-10-1-18

www.pakcity.org